مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی

مولانا حافظ عرفان الحق حقانی

تبصرہ کتب

نام کتاب: حسن گفتار مؤلف: طالب ہاشمی ضخامت: ۲۶۴ صفحات

قیمت: ۱۰۰ روپے۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز اردو بازار لاہور

جناب طالب ہاشمی کا نام علمی حلقوں کے لئے محتاج تعارف نہیں۔ آپ بیسیوں کتابوں کے مصنف اور ملک کے نامور اہل قلم میں ان کا شمار ہوتا ہے' سیر و سوانح اور بالخصوص حضرات صحابہ کرام اور حضور اقدس ﷺ کے پروانوں اور جان نثار شیدائیوں پر آپ نے جو تالیفات کی ہیں' اس سے روح کو بالیدگی ملتی ہے' بقول ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی صاحب ''ہاشمی صاحب کی بیشتر زندگی تصنیف و تالیف اور مطالعہ میں گزری ہے سیرت طیبہ اسوہ صحابہؓ حالات اولیاء اللہ اور اسلامی نظام زندگی غرض ہر موضوع پر انہوں نے لکھا ہے بلکہ کہنا چاہیے کہ ان موضوعات پر لکھنے کا حق ادا کیا ہے ابتک انکی بیسیوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں' کئی کتابوں پر ایوارڈ مل چکے ہیں۔ پھر ایسی کتابوں کی تعداد بھی کچھ کم نہیں جنکے کئی کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔'' زیر تبصرہ کتاب درحقیقت مولف کے ان ۵۰ مضامین کا مجموعہ ہے جو گزشتہ چند سالوں میں وقتاً فوقتاً مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہوئے یا ریڈیو پاکستان لاہور سے نشر ہوئے۔ ان مضامین کو کتابی شکل میں ترتیب دیتے وقت مولف نے اسمیں خاصا ردو بدل کیا ہے۔ کتاب کے مضامین کا انداز بیان انتہائی دلکش اور عام فہم ہے جس سے ہر استعداد کے حامل افراد مستفید ہو سکتے ہیں۔ بلاشبہ یہ کتاب تعمیر سیرت میں اہم کردار ادا کرے گی' بقول مولف جہاں تک ہو سکا ان مضامین میں سادہ اور عام فہم انداز اختیار کیا گیا ہے انکو کتابی صورت میں لاتے وقت یہ مقصد بھی پیش نظر رہا ہے کہ عام مسلمانوں کے علاوہ طلبہ و طالبات خطباء مقررین معلمین اسی سے بطور خاص استفادہ کر سکیں۔ استفادہ اس صورت میں کہ اگر انکو ان میں سے کسی موضوع پر مقالہ لکھنے یا گفتگو کی ضرورت پیش آئے تو وہ ان سے مدد لے سکیں۔ ہماری دعا ہے کہ جناب طالب ہاشمی کی جولانی قلم اسی طرح رواں دواں رہے تاکہ آپکے قلم کے فیض سے ایک عالم مستفیض ہو۔ (م۔ا۔ف)

ماہنامہ: الراحۃ مدیر اعلیٰ: مولانا سید العارفین صاحب مقام اشاعت: مرکز علوم اسلامیہ راحت آباد پشاور

ملک کے مختلف دینی مدارس سے ماہناموں پندرہ روزہ اور سہ ماہی جرائد کی شکل میں رسالے شائع ہو رہے ہیں' اور یہ اچھا اور مفید سلسلہ ہے' یہی دینی مدارس جس طرح کہ اس کے اساتذہ تعلیم و تدریس کے ذریعہ علوم و فنون کی روشنیاں بکھیر رہے ہیں' اسی طرح ان سے شائع شدہ مضامین مقالات اور تصنیفات سے بھی قارئین کے لئے افادہ و استفادہ کا سامان پیدا کر رہے ہیں۔ زیر تبصرہ ماہنامہ الراحہ مرکز علوم اسلامیہ راحت آباد پشاور کا نقش اول ہے چونکہ اس ادارہ کے